9

## رمضان اور دعائیں

# قَرِيبٌ مُجِيبٌ

LIVE

Taught By

**Dr. Farhat Hashmi**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

| وَ اِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِیْ | عَنِّیْ |
|---|---|---|---|
| اور جب | سوال کریں آپ سے | میرے بندے | میرے بارے میں |

| فَاِنِّیْ | قَرِیْبٌ |
|---|---|
| تو بے شک میں | قریب ہوں |

| اُجِیْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ |
|---|---|---|
| میں جواب دیتا ہوں | دعا کا | دعا کرنے والے کی |

| اِذَا | دَعَانِ |
|---|---|
| جب | وہ دعا کرے مجھ سے |

| فَلْیَسْتَجِیْبُوْا | لِیْ |
|---|---|
| پس ضرور وہ حکم مانیں | میرا |

| وَلْیُؤْمِنُوْا | بِیْ |
|---|---|
| اور ضرور وہ ایمان لائیں | مجھ پر |

| لَعَلَّهُمْ | یَرْشُدُوْنَ ⑱⑥ |
|---|---|
| تاکہ وہ | وہ ہدایت پائیں |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# رمضان اور دعائیں

## قَرِيبٌ مُجِيبٌ


وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ (البقرة: 186)

اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو (کہہ دیجئے) بے شک میں قریب ہوں میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو ان کو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ [هود:61]

سو اس سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف پلٹ آؤ، یقینا میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

# اللہ کے لیے تعریفی کلمات



## مسنون دعاء

سُبْحَانَ اللَّهِ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ
الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا
بِاللَّهِ سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ

اللہ پاک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، (برائی سے بچنے کی) طاقت اور (نیکی کرنے کی) قوت اللہ کی توفیق کے بغیر نہیں، اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے۔

# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا



## درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاھِيمَ وَعَلٰی
آلِ اِبْرَاھِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيد، اَللّٰھُمَّ
بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاھِيمَ وَعَلٰی آلِ
اِبْرَاھِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيد

اے اللہ! محمدﷺ اور آلِ محمدﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمدﷺ اور آلِ محمدﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

# نماز کے بعد کی دعائیں

فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ () وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ (ق:40-39)

پس آپ صبر کیجیے اس پر جو وہ کہتے ہیں اور سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے قبل اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے۔اور رات کے اوقات میں اور سجدوں کے بعد بھی اس کی تسبیح کیجیے۔

## وَأَدْبَارَ السُّجُودِ

1۔نماز کے بعد کی تسبیحات

2۔فرض نماز کے بعد نفل نماز پڑھنا

3۔مغرب کی نماز کے بعد دو رکعات پڑھنا

# نماز کے بعد کی دعائیں

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ () وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ

(الطور:49-48)

اور آپ اپنے رب کے حکم کے آنے تک صبر کیجیے، پس بے شک آپ ہماری نگاہوں کے سامنے ہیں اور جس وقت آپ کھڑے ہوتے ہیں اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے۔اور رات کو بھی اور ستاروں کے پلٹنے کے بعد بھی اس کی تسبیح کیجیے۔

## وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ

1۔جب مجلس سے اٹھیں

2۔جب نیند سے اٹھیں

3۔جب ظہر کے لیے اٹھیں

4۔نماز میں تسبیح

### نماز میں تسبیح کے مزید دو معانی

1۔رکوع وسجدے کی تسبیح

2۔دعائے استفتاح

## وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ

1۔رات کی نماز

2۔رات میں تسبیح

3۔نماز میں اور اس کے علاوہ تسبیح

## وَإِدْبَارَ النُّجُومِ

1۔فجر سے پہلے کی دو سنتیں

2۔فجر کی دو رکعات

3۔نماز کے بعد تسبیح پڑھنا

# نماز کے بعد ذکر کرنے کی اہمیت وفضیلت

- اللہ تعالیٰ کا عبادات کے بعد ذکر کرنے کا حکم
- خاص طور پر نمازوں کے بعد کے اذکار سے غافل نہ ہوا جائے
- نبی ﷺ کا فجر کی نماز کے بعد طلوع آفتاب تک نماز کی جگہ بیٹھے رہنا
- نبی ﷺ کا صحابہ کو نماز کے بعد کے اذکار سکھانا
- نماز کے بعد کے اذکار کی مثال

- فرشتوں کا دعائیں کرنا
- اولاد اسماعیل سے غلام آزاد کرنے سے افضل عمل
- مکمل حج وعمرہ کا اجر
- ذکر کی حالت میں اللہ کا مسلسل ساتھ
- سبقت لے جانے والے لوگ

جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ جب فجر کی نماز پڑھتے تھے تو اپنی جگہ پر بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج خوب اچھی طرح طلوع ہو جاتا۔

[صحیح مسلم:1558]

نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے اس وقت ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور میری یاد میں اپنے ہونٹ ہلاتا ہے۔

[صحیح البخاری، کتاب التفسیر]

# نماز کے بعد کی دعائیں



### نماز کے بعد کے اذکار

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔

اللہ سب سے بڑا ہے۔(ایک بار)

* سلام پھیرنے کے بعد بلند آواز سے اللہ اکبر کہنا چاہیے



### نماز کے بعد کے اذکار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔(تین بار)



### نماز کے بعد کے اذکار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ
تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ۔

اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے۔
اے بزرگی اور عزت کے مالک! تیری ذات بڑی بابرکت ہے۔
(ایک بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں




## نماز کے بعد کے اذکار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ-

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔(10 بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں



## نماز کے بعد کے اذکار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ،
لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا
اَعْطَيْتَ وَ لَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَ
لَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! نہیں کوئی روک سکتا جو آپ عطا کرنا چاہیں اور نہیں کوئی دے سکتا جو آپ نہ دینا چاہیں اور کسی دولت مند کو اس کی دولت آپ کے مقابلے میں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔ (ایک بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں



## نماز کے بعد کے اذکار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ،
لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا نَعْبُدُ اِلَّا
اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ
الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَ لَوْ كَرِهَ
الْكَافِرُوْنَ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ کی طرف سے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور ہم کسی کی عبادت نہیں کرتے سوائے اس کے۔ تمام نعمتیں اور تمام فضل اسی کی طرف سے ہے اور تمام بہترین تعریف اسی کے لیے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے ہم اسی کے لیے دین کو خالص کرنے والے ہیں اگرچہ کافروں کو ناپسند ہو۔ (ایک بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں

## تسبیحات



### نماز کے بعد کے اذکار

سُبْحَانَ اللّٰـهِ (33X)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (33X)

اللّٰهُ اَكْبَرُ (34X)

پاک ہے اللہ (33 بار)

سب تعریف اللہ کے لیے ہے (33 بار)

اللہ سب سے بڑا ہے (34 بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں

## تسبیحات



### شام کے اذکار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(ایک بار)

# ان تسبیحات کے دیگر فائدے

ان کو پڑھنے والا محروم نہیں ہے

سب انسانوں سے زیادہ اجر پانے والا عمل

ان کی محافظت پر جنت

## ہاتھ سے تسبیح کرنا

### ہاتھ سے تسبیح کرنا مسنون ہے

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر تسبیح کو شمار کرتے تھے۔

[ابوداود:1504]


### عورتوں کو خصوصی حکم

یسیرہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے انہیں (صحابیات کو) حکم دیا تھا کہ وہ اللہ کی تکبیر (اللہ اکبر) تقدیس (سبحان الملک القدوس) اور تہلیل (لا الہ الا اللہ) کی پابندی اختیار کریں اور یہ کہ اپنی انگلیوں پر شمار کیا کریں کیونکہ ان سے سوال ہوگا اور یہ بلوائی جائیں گی۔

[ابوداود:1503]

# نماز کے بعد کی دعائیں

## آیۃ الکرسی




اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا
تَاْخُذُہٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا
الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ مَا خَلْفَھُمْ وَ لَا
یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ اِلَّا بِمَا
شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ وَ لَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَ ھُوَ
الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے، اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند، اسی کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کر سکے، وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے، اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اس کے جو وہ چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین تک وسیع ہے اور ان کی حفاظت اسے نہیں تھکاتی اور وہ بہت بلند اور بہت عظمت والا ہے۔

(ایک بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں

## سورۃ الإخلاص



### صبح کے اذکار

بِسْمِ اللَّـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ
قُلْ هُوَ اللَّـهُ أَحَدٌ اللَّـهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ [ 3X ]

کہہ دیجئے! بس وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے۔
(تین بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں

## سورۃ الفلق



### شام کے اذکار

بِسْمِ اللَّـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ
قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِن شَرِّ مَا
خَلَقَ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ
وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ وَمِن
شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ [ 3X ]

کہہ دیجئے! میں صبح کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور اندھیری رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ پھیل جائے، اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے، اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

(تین بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں

## سورۃ الناس



### شام کے اذکار

بِسْمِ اللَّـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ
قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ
النَّاسِ إِلَـٰهِ النَّاسِ مِن شَرِّ
الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي
صُدُورِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

[ 3X ]

کہہ دیجئے! میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ لوگوں کے مالک
کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پلٹ کر آنے
والے کے شر سے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔
جنوں اور انسانوں میں سے۔
(تین بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں



## نماز کے بعد کے اذکار

رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَ شُکْرِكَ وَ
حُسْنِ عِبَادَتِكَ

اے میرے رب! اپنا ذکر، شکر اور بہترین عبادت کرنے میں میری
مدد فرما۔ (ایک بار)



# نماز کے بعد کی دعائیں



## نماز کے بعد کے اذکار

رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اے میرے رب! مجھے اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔ (ایک بار)

# نماز کے بعد کی دعائیں




## نماز کے بعد کے اذکار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَا
اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ وَ مَا اَعْلَنْتُ
وَ مَا اَسْرَفْتُ وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ
مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ! میرے گناہ بخش دے جو میں نے پہلے کیے، جو بعد میں کیے، جو پوشیدہ کیے اور جنہیں ظاہر آگیا، اور جو میں حد سے گزرتا رہا، اور وہ جن کے متعلق تو مجھ سے زیادہ باخبر ہے، تو ہی (جسے چاہے) آگے کرنے والا ہے اور (جسے چاہے) پیچھے رکھنے والا ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔

# نماز کے بعد کی دعائیں



## مسنون دعاء

سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ
أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور تیری ہی حمد ہے۔ میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری ہی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

# نماز کے بعد کی دعائیں



## مسنون دعاء

رَبِّ اغْفِرْلِي وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ
التَّوَّابُ الْغَفُورُ

اے اللہ !تو مجھے بخش دے، اور میری توبہ قبول کر، بے شک تو
بہت توبہ قبول کرنے والا، بہت بخشنے والا ہے۔

# نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد خاص ذکر



نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد خاص ذکر

لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ
لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ
وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (10 بار)

اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے، اور (تمام) تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے۔